BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی بزرگ شہریوں کے لیے برامپٹن ٹرانزٹ پر مفت کرایوں کا آغاز کر رہا ہے جس کا آغاز 28 فروری سے ہو گا

برامپٹن، آن (14 فروری 2022) – مورخہ 28 فروری سے برامپٹن کے معمر رہائشی برامپٹن سینئر آئی ڈی کارڈ اور سالانہ مفت پاس کے ساتھ منسلک شدہ PRESTO کارڈ کے ذریعے مفت میں برامپٹن ٹرانزٹ پر سفر کر سکیں گے۔

جیسا کہ 2020 کے بجٹ میں منظور کیا گیا تھا کہ مفت سالانہ پاس کے ذریعے برامپٹن ٹرانزٹ پر بغیر کسی قیمت کے برامپٹن کے بزرگ شہریوں کے لیے لامحدود سفر کی سہولت مہیا کی جائے گی۔

برامپٹن ٹرانزٹ اب 15 ڈالر کا سینئر رہائشیوں کے لیے ماہانہ پاس فروخت نہیں کرے گا یا بزرگ شہریوں سے 1 ڈالر کا نقد کرایہ بھی وصول نہیں کیا جائے گا۔ تمام غیر رہائشی بزرگ افراد اپنے PRESTO کارڈ ز کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں اور سینئر ای پرس کرایہ 1.60 ڈالر ادا کر سکتے ہیں۔

برامپٹن ٹرانزٹ نقل و حمل کی سستی اور پائیدار سہولت فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ برامپٹن کے بزرگ افراد کے لیے مفت برامپٹن ٹرانزٹ پاس کی فراہمی کونسل کی ترجیحات کی عکاسی کرتی ہے اور برامپٹن میں بزرگ شہریوں کے لیے نقل و حمل کی سہولت تک رسائی کو بہتر بناتا ہے۔

یہ مفت پاس ستمبر 2019 میں متعارف کرائے گئے تھے جو 15 ڈالر کے سینئر ریذیڈنٹ ماہانہ پاس کی کامیابی کے بعد لائے گئے تھے، جس کے نتیجے میں برامپٹن سینئر آئی ڈی کارڈ حاصل کرنے والے بزرگ افراد میں اضافہ ہوا تھا۔

اہلیت اور کارڈز کہاں سے حاصل کیے جائیں کے بارے میں تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.bramptontransit.com یا کال کریں: 905.874.5120

اقتباسات

"ہمیں 28 فروری 2022 سے برامپٹن کے بزرگ رہائشیوں کے لیے نقل و حمل کی مفت سہولت شروع کرنے پر فخر ہے۔ یہ ٹرانزٹ سستی اور ہمارے بزرگ رہائشیوں کی دیکھ بھال میں ایک سنگ میل ہے۔ برامپٹن ایک گرین سٹی ہے اور ہمارے 2040 کے منصوبے کے حصے کے طور پر ہم اپنے برامپٹن ٹرانزٹ نیٹ ورک کے ذریعے مؤثر، سستی اور قابل اعتبار نقل و حمل کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن سٹی کونسل نے 2020 کے بجٹ کے حصے کے طور پر برامپٹن کے بزرگ رہائشیوں کے لیے مفت برامپٹن ٹرانزٹ کرایہ کی منظوری دی تھی اور ہمارے اس عزم کو اس سال عملی جامہ بھی پہنا دیا گیا ہے۔ میں اپنے بزرگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ مفت ٹرانزٹ اور مفت کرایہ پاس کے ساتھ فعال زندگی سے لطف اندوز ہوں۔ یہ اقدام نہایت خوش آئند ہے کیونکہ ہماری کمیونٹی کو بنانے والے بزرگ افراد کو نقل و حمل کی مفت سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5: چیئر، پبلک ورکس اینڈ انجنیئرنگ، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن سٹی کونسل 2050 تک شہر میں پیدا ہونے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 80 فیصد کمی لانے کے مشن پر گامزن ہے۔ برامپٹن کے بزرگ شہریوں کو مفت کرایہ کی پیشکش سستی اور پائیدار ٹرانزٹ اور برامپٹن کے موسمیاتی تبدیلیوں کے اہداف کو آگے بڑھانے کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے، کیونکہ ہم اپنے شہر میں ہر قسم کی نقل و حمل کو یکساں طور پر قابل رسائی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔"

- *ڈوگ وہلینز، سٹی کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ ممبر انوائرنمنٹ ایڈوائزری کمیٹی؛ ممبر، CEERP کمیونٹی ٹاسک فورس، سٹی آف برامپٹن*

"کیونکہ ہم لوگوں کو مؤثر طریقے سے شہر کے ارد گرد منتقل کرنا جاری رکھنا چاہتے ہیں، لہٰذا برامپٹن ٹرانزٹ ہمارے نقل و حمل کے نظام میں مستقل اور مسلسل بہتری لانے کے لیے پُرعزم ہے۔ برامپٹن ٹرانزٹ کے لیے یہ ایک بڑا سال ہے کیونکہ ہم برامپٹن کے بزرگ رہائشیوں کے لیے مفت کرایوں پر عمل درآمد کو لاگو کر رہے ہیں اور اپنی سڑکوں پر الیکٹرک بسوں کو چلتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔"

- *ایلکس ملوجیوک، جنرل منیجر، برامپٹن ٹرانزٹ*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca